رہا صوفی گئی روشن ضمیری
خدا سے پھر وہی قلب و نظر مانگ
نہیں ممکن امیری بے فقیری

اللھم وفقنا لما تحب و ترضی۔

سنہرے اصول

- خدا روزی ہر ایک کو دیتا ہے اور بہتر ہی دیتا ہے مگر مسکن میں نہیں ڈالتا۔
- تیرا یہ ناقص گمان ہے کہ لوگ تیری نصیحتوں کو اپنے اوپر لاگو کر سکیں گے حالانکہ تجھ میں خود اتنی طاقت نہیں کہ تو ان کو اپنے آپ پر لاگو کر سکے۔
- تو جب اس حقیر جسم میں اسلام نہیں لا سکتا تو دنیا میں کیونکر لا سکے گا۔
- بندہ اہل تقویٰ کا مقام تب تک نہیں پا سکتا جب تک وہ ان چیزوں کو بھی نہ چھوڑ دے جن میں بظاہر کوئی حرج نہیں، اس اندیشے سے کہ کہیں وہ خود ان میں مبتلا نہ ہو جائے۔ (رسول کریم ﷺ)
- وہ دین ہی کیا جس کے بڑے بڑے احکام تو لے لیے جائیں اور چھوٹے چھوٹے یہ سمجھ کر چھوڑ دیے جائیں کہ یہ چھوٹے ہیں۔
- نیکی اس نیت کر کہ تو خیال کر رہا ہو کہ شائد اس چھوٹی سی نیکی کے سبب اللہ تعالیٰ تجھ سے تمام گناہوں کو دور کر دے اور برائی اس خیال سے چھوڑ کہ ہو سکتا ہے کہ اللہ اس ایک برائی سے بچنے کی وجہ سے تمام گناہ معاف فرمادیں۔